**06.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ خصوصی تفصیلی نظرثانی کے بعد اترپردیش میں ووٹر فہرستوں کے مسودے میں تقریباً دو کروڑ 89لاکھ ووٹروں کے نام شامل نہیں ہیں۔

☆ مرکز نے دلّی NCR میں ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے عوامی ٹرانسپورٹ میں کمیوں کو دور کرنے اور فصل کے باقیات کے بندوبست پر زور دیا ہے۔

☆ ایک سال میں 10لاکھ نوجوانوں کو آرٹیفیشل انٹیلجنس سے متعلق مہارت فراہم کرنے کیلئے بڑے پیمانے پر ہنرمندی کی مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ Global AI Impact Summit آئندہ ماہ نئی دلّی میں ہوگی۔

☆ اقوام متحدہ، بنگلہ دیش میں آئندہ پارلیمانی انتخابات کیلئے مشاہدین نہیں بھیجے گا۔

☆ یوروپی رہنماؤں نے گرین لینڈ پر قابض ہونے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی کو خارج کردیا ہے۔

☆ اور اسکواش میں برمنگھم میں اناہت سنگھ پہلی بار برٹش جونیئر اوپن کے خواتین کے اَنڈر– 19فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**UP SIR**

خصوصی تفصیلی نظر ثانی مشق کے بعد انتخابی کمیشن کی جانب سے آج اترپردیش کیلئے جاری کئے گئے ووٹر فہرستوں کے مسودے میں کُل دو کروڑ 89لاکھ ووٹروں کے نام نہیں ملے۔ لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اترپردیش کے چیف انتخابی افسر نودیپ Rinwa نے کہا کہ 15 کروڑ 44لاکھ سے زیادہ ووٹروں میں سے 12 کروڑ 55لاکھ سے زیادہ ووٹروں کے نام ووٹر فہرستوں کے مسودے میں برقرار رکھے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ انتخابی پینل کو دو کروڑ 89لاکھ ووٹروں کے دستخط شدہ فارم موصول نہیں ہوئے، جو موجودہ ووٹر فہرست کا 18اعشاریہ 7صفر فیصد ہے۔ اِن میں سے دو کروڑ 17لاکھ ووٹر دوسری جگہ منتقل ہوگئے ہیں اور 25لاکھ 47ہزار نام ایک سے زیادہ جگہ درج ہیں۔

**S/B 2115 UP SIR Navdeep**

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC sushil tiwari**

جناب نودیپ Rinwa نے مطلع کیا کہ دعوے اور اعتراضات موصول ہونے کی مدت 6جنوری سے 6 فروری 2026ہے۔ نوٹس کے مرحلے کے دوران، یعنی آج سے 27فروری 2026تک دعوؤں اور اعتراضات سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ اترپردیش کی حتمی ووٹر فہرست کی اشاعت 6مارچ 2026 کو ہوگی۔ نئے ووٹروں کیلئے فارم 6، غیرملکی باشندوں کیلئے فارم 6K، نام ہٹانے یا اعتراض کیلئے فارم 7اور تصحیح یا تبدیلی کیلئے فارم 8 کا استعال کیا جانا ہے۔ ceouttarpradesh.nic.in پر تحصیل، BLO ووٹر رجسٹریشن سینٹر پر درخواست کے فارم حاصل اور داخل کئے جاسکتے ہیں یا انٹرنیٹ موبائل ایپ / voters.eci.gov.in پر آن لائن بھی درخواست دی جاسکتی ہے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## EC WB

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال انتخابی حکام کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جاری SIR کے دوران ریاست میں ووٹر فہرستوں کے مسودے میں پائی گئی مبینہ ڈیٹا بے ضابطگیوں اور منطقی فرق سے متعلق سبھی نوٹیسز فوری طور پر ڈاؤنلوڈ کی جائیں اور اگلے 4سے 5دن دوران متعلقہ ووٹرس تک پہنچا دی جائیں۔ اس ہدایت پر عمل کرتے ہوئے مغربی بنگال کے چیف الیکٹورل افسر کے دفتر نے سبھی ضلع انتخابی افسران کو ہدایت دی ہے کہ آج سے ہر اسمبلی حلقے میں منطقی فرق سے متعلق نوٹیسز پر تفصیلی رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر داخل کی جائیں۔ ریاست میں SIR عمل کے دوران ایک کروڑ 36لاکھ رائے دہندگان کے نام شروعات میں ڈیٹا بے ضابطگیوں کی فہرست میں شائع ہوئے تھے، تاہم جانچ اور تصحیح کے بعد یہ تعداد گھٹ کر تقریباً 94لاکھ 49ہزار رہ گئی۔×

## Bhupender Air Quality

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں فضائی آلودگی کی روک تھام کیلئے راجستھان اور پنجاب حکومتوں کے کارروائی جاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لینے کیلئے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ اس سلسلے میں پانچویں جائزہ میٹنگ تھی۔ دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں سال بھر ہوا کے معیار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ اس مہینے سے کارروائی جاتی منصوبوں کا وزارتی سطح پر ہر مہینے جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ شعبہ جاتی سطح پر مرکوز کارروائی جاتی منصوبے تیار کیے جانے چاہئیں، جن میں متعلقہ محکموں پر عمل درآمد کی ذمہ داری واضح کی جائے۔

راجستھان کے تفصیلی کارروائی جاتی منصوبے کا جائزہ لیتے ہوئے جناب یادو نے واضح کیا کہ الوَر، بھیواڑی، نیم رانا اور بھرت پور میں عوامی ٹرانسپورٹ کی کمیوں پر توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترجیحی بنیادوں پر الیکٹرک بسیں خریدی جائیں اور اس سلسلے میں مقررہ مدّت کے حساب سے تجاویز داخل کی جائیں۔ پنجاب کے پرزنٹیشن پر تبصرہ کرتے ہوئے جناب یادو نے زور دیا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ فصلوں کے باقیات کے بندوبست سے

متعلق مشینیں کام کر رہی ہوں اور اُن کا مؤثر استعمال کیا جائے۔ وزیر موصوف نے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہا کہ مشینوں کے بہتر کام کرنے کی صورت میں ہونے سے متعلق سرٹیفکیشن تیار کرنے کیلئے معیاری عملی طریقۂ کار، SOP ترتیب دیے جائیں۔×

## Vaishnaw AI Impact Summit

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ صحت دیکھ بھال، تعلیم، زراعت، مینوفیکچرنگ، حکمرانی اور بنیادی ڈھانچے جیسے شعبوں میں مصنوعی ذہانت، AI کایا پلٹ کرنے والی قوت کے طور پر اُبھر رہی ہے۔ جے پور میں منعقد راجستھان ریجنل آرٹیفیشل انٹیلی جنس امپیکٹ سمٹ سے ورچوئل طریقے سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ AI صرف مستقبل کی ٹکنالوجی نہیں ہے، بلکہ انسانی زندگی اور کام کرنے کے طریقوں کو ترتیب دینے والا طاقتور وسیلہ ہے۔ جناب ویشنو نے اعلان کیا کہ عالمی AI امپیکٹ سمٹ اگلے مہینے بھارت میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سبھی ریاستوں میں عالمی AI سمٹ اور علاقائی AI سمٹ سے متعلق تیاریاں جاری ہیں۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اگلے سال تک 10لاکھ نوجوان افراد اور چھوٹے کاروباری AI مہارتیں حاصل کر لیں گے۔

**S/B - 2115 Ashwani Vaishnaw - 21 sec**

## India Energy Week

گوا میں اِس ماہ کی 27 تاریخ سے انڈیا اینرجی وویک 2026 کا انعقاد کیا جائے گا۔ اِس چار روزہ تقریب میں حکومتی رہنما صنعتکار اور اختراع کار توانائی سے متعلق ایک قابل بھروسہ، پائیدار اور کفایتی مستقبل کی جانب پیش قدمی کے سلسلے میں بات چیت کریں گے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ تقریب توانائی کی یقینی فراہمی، اہم سرمایہ کاری اور کاربن کے اخراج کو ختم کرنے کی سمت عملی طریقۂ کار کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی۔ اس پروگرام میں امریکہ، یوروپ، مشرقِ وسطیٰ، افریقہ اور ایشیا بحرالکاہل خطے کے مندوبین کے شرکت کرنے کا امکان ہے۔x

## Jitendra CSIR Meeting

سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ سائنسی پروگراموں کا جائزہ اور تجزیہ حقیقی دنیا کے اثرات کے تناظر میں ہونا چاہیے، جن سے روزگار پیدا کرنے اور سماج میں بہتری لانے میں تعاون مل سکے۔ وزیر موصوف نے آج نئی دلّی کے کونسل آف سائنسفک اینڈ انڈسٹریئل ریسرچ، CSIR کی اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کے دوران کہی۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے واضح کیا کہ اس بات پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے کہ تجربے گاہوں کی اختراعات کو کس طرح زمینی سطح پر فائدہ مند بنایا جائے۔×

**Goyal Malnutration**

کامرس اور تجارت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ تغذیے کی کمی کو ختم کرنا وکست بھارت کی تعمیل اور ملک کے طویل مدتی سماجی اور اقتصادی مستقبل کیلئے لازمی ہے۔ وزیر موصوف نئی دلّی میں قومی دیہی ترقیاتی بورڈ کی جانب سے منعقدہ تغذیے پر ایک کانکلیو سے خطاب کر رہے تھے۔

**S/B 2100 Piyush Goyal**

**JNU Student Protest**

جواہر لال نہرو یونیورسٹی JNU نے دلّی فسادات کے ملزم عمر اور شرجیل کی ضمانت کی درخواست مسترد ہونے کے پیش نظر کچھ طلبا کی جانب سے اشتعال انگیز نعرے بازی کرتے ہوئے ایک احتجاج کئے جانے کا سخت نوٹس لیا ہے۔ JNU نے دلّی پولیس کو ایک شکایت بھیجی ہے جس میں اِن طلبا کے خلاف FIR درج کرنے کیلئے کہا گیا ہے، جن کا تعلق جواہر لال نہرو یونیورسٹی طلبا یونین سے ہے۔ یونیورسٹی نے کہا ہے کہ اِن طلبا نے قابل اعتراض اور اشتعال انگیز نعرے بازی کرکے JNU کے ضابطہ عمل کی خلاف ورزی کی ہے۔ BJP نے بھی اِن طلبا کے اِس اقدام کی مذمت کی ہے۔x

**Punjab Arrest**

پنجاب میں آج دو علیحدہ کارروائیوں کے تحت ہتھیار، گولہ بارود اور منشیات کے سلسلے میں 7افراد کو گرفتار کیا گیا۔ امرتسر کے ایک سرحدی گاؤں سے پنجاب پولیس کی منشیات کی روک تھام سے متعلق ٹاسک فورس نے بارڈر سکیورٹی فورس کے ساتھ ایک مشترکہ کارروائی میں چار افراد کو حراست میں لیا، جن کے پاس 20 کلو گرام ہیروئن ملی۔ اِس کی سپلائی چین کو چلانے والے اہم کارندے کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع نے کہا ہے کہ ابتدائی تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ یہ شخص پاکستان میں مقیم اپنے آقاؤں کے رابطے میں تھا اور پورے خطے میں منشیات پہنچانے کا کام کرتا تھا۔x

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے فلیگ شپ پلیٹ فارم پرگتی میں اپنی 50ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے سال 2015میں آغاز کے بعد سے پرگتی نے وزیر اعظم کے سیدھے جائزے کے تحت حقیقی وقت میں نگرانی اور اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کے ذریعے حکمرانی کی کایا پلٹ کی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز میں برہما پُترا ندی پر Bogibeel Rail-Cum-Road پُل پر نظر ڈالی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Dipendra / Superna**

بھارت کا سب سے طویل اور ایشیاء کا دوسرا سب سے لمبا **Rail-Cum-Road** پُل، **Bogibeel** پُل، ملک کے شمال مشرقی حصے کی لائف لائن ہے، جو آسام اور اروناچل پردیش کو آپس میں جوڑتا ہے۔ تقریباً 4اعشاریہ 9 کلو میٹر لمبے اس پُل کے ذریعے بالائی آسام اور اروناچل پردیش میں رہنے والے لگ بھگ 50 لاکھ لوگوں کو کنیکٹی وِٹی کی سہولت ملی ہے۔ اس پروجیکٹ کو سال 1997-98میں منظوری دی گئی تھی، جبکہ 21اپریل 2002 کو اٹل بہاری واجپئی کی قیادت والی حکومت میں تعمیری کام کا آغاز ہوا تھا۔ تعمیری کام کی شروعات کے 13 سال بعد بھی **Bogibeel** برِج پروجیکٹ کا 72فیصد کام ہی مکمل ہو سکا اور تعمیری لاگت 5 گُنا بڑھ گئی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے مئی 2015میں، پرگتی کے تحت اس پروجیکٹ کا جائزہ لیا۔

علاقائی کنیکٹی وِٹی اور قومی سلامتی کے لحاظ سے اس کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ہدایت دی کہ اس پروجیکٹ پر مشن موڈ میں کام کیا جائے۔ وزیر اعظم مودی کی مداخلت کے بعد کام کی رفتار میں تیزی آئی اور 25دسمبر 2018 کو پُل کا تعمیری کام مکمل ہوا۔ کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن نے بتایا کہ پرگتی نے برہما پُتر ندی پر **Bogibeel Rail-cum-Road** پُل جیسے اہم پروجیکٹوں کو مکمل کرنے میں مدد کی ہے۔

دلّی سے دیپندر کمار اور سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Niti Ayog

نیتی آیوگ نے، آج نئی دلّی میں مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی کیلئے ٹریڈ واچ کوارٹرلی کے پانچویں ایڈیشن کا اجراء کیا۔ پبلیکیشن کے تازہ ایڈیشن میں بھارت کی تجارتی پروفائل کے اُبھرتے ڈھانچے میں تبدیلی کو اُجاگر کیا گیا ہے، جس میں ٹکنالوجی سے ترغیب حاصل کرنے والے برآمدات کے بڑھتے تعاون، خدمات پر مبنی نمو کی طاقت اور عالمی ویلیو چین میں درآمداتی حصے کی تبدیل ہوتی پیوستگی شامل ہے۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے نیتی آیوگ کے رکن ڈاکٹر اروند ویرمانی نے کہا کہ پبلیکیشن، ارتقائی عالمی صورتحال کے تناظر میں ملک کی تجارتی کارکردگی کا جامع اور اعداد و شمار پر مبنی تجزیہ پیش کرتا ہے۔×

## Bangladesh UN

اقوام متحدہ آئندہ ماہ کی 12 تاریخ کو بنگلہ دیش کے 13ویں قومی پارلیمانی انتخابات کیلئے مشاہدین نہیں بھیجے گا۔ اقوام متحدہ کی معمول کی پریس بریفنگ کے دوران، اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس کے ترجمان **Stephane Dujarric** نے یہ بات کہی۔ جناب **Dujarric** نے کہا کہ اقوام متحدہ، جنرل اسمبلی یا سکیورٹی کونسل کی اجازت کے بغیر انتخابی مشاہدین تعینات نہیں کرتا۔

اس دوران، **Transparency** انٹرنیشنل بنگلہ دیش **TIB** نے غیرملکی انتخابی مشاہدین کیلئے رہائش اور کھانے پینے کے اخراجات برداشت کرنے کے انتخابی کمیشن کے فیصلے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں **TIB** کے ایگزکیٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر افتخار الزماں نے اِس اقدام کو غیرجانبدارانہ انتخابی مشاہدے کے اصولوں کے خلاف، متضاد اور بھید بھاؤ والا قرار دیا ہے۔x

## Coalition of Willing Ukraine

یوروپی رہنماؤں نے آج امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی گرین لینڈ پر قابض ہونے کی دھمکی کو مسترد کردیا۔ اہم یوروپی ممالک کے رہنماؤں نے، جو آج پیرس میں ملاقات کر رہے ہیں، ایک مشترکہ بیان میں گرین لینڈ کی یہ کہتے ہوئے حمایت کی کہ قطبِ شمالی کا جزیرہ اُس کے عوام کا ہے۔ امریکی صدر کی ڈنمارک کے علاقے کو حاصل کرنے میں پھر دلچسپی کے پیش نظر یہ بیان سامنے آیا ہے۔ یہ مشترکہ بیان فرانس، برطانیہ، جرمنی، اٹلی، پولینڈ، اسپین اور ڈنمارک کے رہنماؤں نے جاری کیا۔ NATO نے بھی یہ واضح کردیا ہے کہ قطبِ شمالی کا خطہ ترجیحی ہے اور یوروپی اتحادی اِس سلسلے میں کوششیں تیز کر رہے ہیں۔ گرین لینڈ نے بار بار یہ کہا ہے وہ امریکہ کا حصہ ہونا نہیں چاہتا۔x

## Jaishankar Luxembourg

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے آج Luxembaurg کے وزیر اعظم Luc Frieder سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے بھارت اور Luxembaurg کے درمیان مالیاتی خدمات، سرمایہ کاری، ٹکنالوجی اور اختراع کے شبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے Luxembaurg کے وزیر اعظم کا ان کی حمایت کیلئے شکریہ ادا کیا۔×

## Squash Final

اسکواش میں، Top - Seeded بھارتی کھلاڑی اناہت سنگھ نے برٹش جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ کے قوانین کے 19سال تک کی عمر کے فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ انہوں نے آج سیمی فائنل مقابلے میں مصر کی Malika El Karaksy کو ہرایا ہے۔ 17سالہ سنگھ نے انگلینڈ کے برمنگھم Venue میں 12بار کی Tour Title Winner، El Karaksy کو 11-8، 11-7، 11-9 سے 28منٹ میں ہرا دیا۔

اب اناہت سنگھ کا مقابلہ فائنل میں دوسرے سیڈ کی کھلاڑی فرانس کی Lauren Baltayan سے ہوگا۔×

## Badminton

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین اور آیوش شیٹی نے کوالالمپور میں جاری ملیشیاء اوپن سُپر 75بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنا لی ہے۔لکشیہ سین نے نئے سیزن میں شاندار شروعات کے ساتھ سنگاپور کے Jia Heng Jason Teh کو سخت مقابلہ دیتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنا لی۔ اب اُن کا مقابلہ کل Hong Kong کے Lee Cheuk Yin سے ہوگا۔مردوں کے سنگلز کے دوسرے میچ کے پہلے راؤنڈ میں آج آیوش شیٹی نے پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے ملیشیائی کھلاڑی Lee Zii Jia کو Straight games میں 21-12، 21-17سے ہرایا اور دوسرے رواؤنڈ میں پہنچ گئے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆